1202 ـ ہم بستری کے وقت کون سی دعا پڑھنی چاہیے ؟

سوال

میراسوال ایسے سوالوں میں شامل ہوتا ہے جس کے کئي ایک جوابات دیے گئے ہیں :
کیا ہم بستری کے وقت مسلمان کوکوئي دعا پڑھنی چاہیے ، اورکیا مسلمان (خاوند اوربیوی دونوں) کے لیے شب زفاف میں ضروری ہے کہ وہ ہم بستری سے قبل نماز پڑھیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شرعی اداب میں یہ شامل ہے کہ خاوند اپنی بیوی سے ہم بستری کرتےوقت مندرجہ ذیل دعا پڑھے :

بِاسْمِ اللَّهِ اللَّهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبْ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا اللہ تعالی کے نام سے اے اللہ ہمیں شیطان سے بچا کررکھ اورجوہمیں عطا کرے اسے بھی شیطان سے دور رکھ ۔ صحیح بخاری مع فتح الباری حدیث نمبر (138) ۔

اس کے پڑھنے کا فائدہ یہ ہے کہ جب اللہ تعالی ان دونوں کواس ہم بستری کی وجہ سے اولاد عطا کرے گا تو اسے شیطان نقصان نہیں دے گا ۔

اورشب زفاف میں اسے اپنی بیوی کےپاس جاکر کیا کہنا اورکرنا چاہیے اس کے بارہ میں جواب گزر چکا ہے آپ اس کے لیے سوال نمبر (854) کا مراجعہ کریں ۔

واللہ اعلم .